## أَعدَادٌ Numbers
(11 to 20)

- آپ نے ایک سے دس تک عدد اور معدود کے قواعد کو پڑھا ہے اس سبق میں آپ گیارہ سے بیس تک عدد اور معدود کے بارے میں پڑھیں گے۔

You have already learnt about the rules of عدد and معدود of numbers from 1 to 10. Now we'll learn about numbers from eleven to twenty.

- ۔گیارہ سے انیس تک عدد مرکب کی شکل میں ہوتا ہے۔

Numbers from eleven to nineteen are a compound of two words

- قواعد کے اعتبار سے ہم گیارہ سے بیس تک گنتی کو تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

We will deal with these numbers under three heads.

## گیارہ اور بارہ
Eleven and Twelve (11-12)

یہ دونوں عدد جنس کے اعتبار سے اپنے معدود کے مطابق ہوں گے یعنی مذکر معدود کے لیے عدد مذکر اور مونث معدود کے لیے عدد مونث۔

Both of these numbers correspond to their **معدود**. A masculine **معدود** will have a masculine **عدد** and a feminine **معدود** will have a feminine **عدد**.

گیارہ اور بارہ(11-12)عدد مرکب کے دونوں اسماء پر فتحة ہوتا ہے۔

Both the words have a fatha on the last letter.

| | | |
|---|---|---|
| أَحَدَ عَشَرَ طَالِبًا | گیارہ طالبعلم | Eleven (masculine) student's |
| إِحْدٰى عَشْرَةَ طَالِبَةً | گیارہ طالبات | Eleven (famine) student's |
| اِثْنَا عَشَرَ طَالِبًا | بارہ طالبعلم | Twelve (masculine) student's |
| اِثْنَتَا عَشْرَةَ طَالِبَةً | بارہ طالبات | Twelve (famine) student's |


© copy rights reserved

## تیرا سے انیس

Thirteen to Nineteen (13 to 19)

تیرا سے انیس میں عدد کا پہلا جزء جنس میں معدود کے مخالف ہو گا۔ جبکہ دوسرا جزء معدود کے مطابق ہو گا۔

In these numbers the first part of the number is opposite to **معدود** in gender while the second corresponds to **معدود** in gender.

ثَلاثَةَ عَشَرَ طَالِبًا — تیرا طالبعلم (Thirteen (masculine) students)

مونث — مذکر — مذکر

masculine – masculine - feminine

ثَلاثَ عَشْرَةَ طَالِبَةً — تیرا طالبات (Thirteen (feminine) students)

مذکر — مونث — مونث

feminine – feminine – masculine

## بیس (عِشْرُوْنَ)

Twenty (20)

بیس عدد کے لیے لفظ "عِشْرُوْنَ" استعمال ہوتا ہے۔ یہ مذکر اور مونث دونوں معدود کے لیے یکساں استعمال ہوتا ہے، اور اسکا معدود واحد اور منصوب ہو گا۔

The word عِشْرُوْنَ is used for number twenty. It has the same form for both masculine and feminine معدود. Its معدود is singular accusative منصوب واحد. E.g.

بیس کے لیے عدد کا وزن جمع مذکر سالم کا ہوتا ہے۔ مثلا "مُسْلِمُونَ ، صَالِحُونَ ، عِشْرُونَ"

The number is on same pattern as sound masculine plural

عِشْرُوْنَ طَالِبًا — بیس طالبعلم — Twenty (masculine) student's

عِشْرُوْنَ طَالِبَةً — بیس طالبات — Twenty (feminine) student's


© copy rights reserved

## تَمیز قواعد

Rules of Tamyeez

آپ ایک سے دس تک عدد اور معدود کے قواعد پڑھ چکے ہیں۔

- واحد اور اثنان کی تمیز ذکر نہیں ہوتی کیونکہ اسم کا واحد اور تثنیہ کا صیغہ بذات خود ایک اور دو کے عدد پر دلالت کرتا ہے۔

واحد (one) and اثنان (two) Their تمیز is not mentioned because the singular as well as dual form of a noun on its own contains the meaning of one and two respectively.

تَلمِیذٌ ایک طالبعلم (one student) – تَلمِیذَانِ دو طالبعلم (two students)

- تین سے دس (3 to10) تک کی تمیز جمع اور مجرور ہوتی ہے۔

Tameez of numbers three to ten is plural (جمع) and genitive (مجرور).

ثَلاثَۃُ اَقلامٍ تین قلمیں (three pens) ثَلاثُ غُرفاتٍ تین کمرے (three rooms),

- گیارہ سے بیس (11 to 20) عدد کی تمیز (معدود) واحد، نکرہ اور منصوب ہوتی ہے۔

Eleven to twenty numbers is singular, indefinite, accusative noun.

ثَلاثَۃَ عَشَرَ طَالِبًا تیرا طالب علم (thirteen (m) students) ثَلاثَ عَشْرَۃَ طَالِبَۃً تیرا طالبہ (thirteen (f) students),


© copy rights reserved

# گیارہ سے انیس مرکب عدد کا اعراب

## The Iraab of numbers eleven to nineteen

گیارہ سے انیس تک کا عدد مرکب ہوتا ہے لیکن یہ مرکب مفرد کی طرح استعمال ہوتا ہے۔عدد بارہ(12) کے علاوہ اس مرکب عدد کے دونوں جُز"فتحة"پر مبنی ہوتے ہیں۔ بارہ(12) کا پہلا جُز معرب ہوتا ہے۔

چونکہ گیارہ سے انیس تک کا عدد مبنی ہوتا ہے۔اس لیے جملہ میں ان کی پوزیشن کے اعتبار سے ان کے آخری حرف کی حرکت تبدیل نہیں ہوگی، بللکہ یہ ہر حال میں "فتحة" کے ساتھ ہی پڑھے جائیں گے۔اسلیے پوزیشن کے مطابق اُس کے اعراب کو محلًا بتایا جائے گا۔

Though these numbers occur each as a compound, they are used as a single word. Both parts of the number have fatha and are indeclinable except number twelve. Its first part is declinable. These numbers are indeclinable means they do not change to indicate their function in the sentence. In every case they occur with fatha. Their Iraab showing their position will be mentioned as محلًا

عِندِي ثَلاثَةَ عَشَرَ رِيَالًا (میرے پاس تیرا ریال ہیں) I have thirteen riyals.

ثَلاثَةَ عَشَرَ **مبتدأ مؤخر** في محل رفعٍ

هٰذا القَلَمُ بِثَلاثَةَ عَشَرَ رِيَالًا (یہ قلم تیرا ریال کا ہے) This pen is for thirteen riyals.

ثَلاثَةَ عَشَرَ **اسم مجرور** في محل جرٍ

أُرِيْدُ ثَلاثَةَ عَشَرَ رِيَالًا (مجھے تیرا ریال چاہیے) I want thirteen riyals.

ثَلاثَةَ عَشَرَ **مفعول به** في محل نصبٍ


© copy rights reserved

# گیارہ سے بیس (11-20) عدد و معدود

| عدد | مُذَكَّر | مُؤَنَّث |
|---|---|---|
| 11 | أَحَدَ عَشَرَ طَالِبًا | إِحْدَى عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 12 | اِثْنَا عَشَرَ طَالِبًا | اِثْنَتَا عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 13 | ثَلَاثَةَ عَشَرَ طَالِبًا | ثَلَاثَ عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 14 | أَرْبَعَةَ عَشَرَ طَالِبًا | أَرْبَعَ عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 15 | خَمْسَةَ عَشَرَ طَالِبًا | خَمْسَ عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 16 | سِتَّةَ عَشَرَ طَالِبًا | سِتَّ عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 17 | سَبْعَةَ عَشَرَ طَالِبًا | سَبْعَ عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 18 | ثَمَانِيَةَ عَشَرَ طَالِبًا | ثَمَانِيَ عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 19 | تِسْعَةَ عَشَرَ طَالِبًا | تِسْعَ عَشْرَةَ طَالِبَةً |
| 20 | عِشْرُوْنَ طَالِبًا | عِشْرُوْنَ طَالِبَةً |

## Numbers 11 & 12

| عدد | | معدود | عدد | | معدود |
|---|---|---|---|---|---|
| Part 1 | Part 2 | | Part 1 | Part 2 | |
| | | | | | |

گیارہ اور بارہ میں مرکب عدد کے دونوں حصے جنس کے اعتبار سے معدود کے مطابق ہوتے ہیں

Both part of the compound word agree with the معدود

## Numbers 13 & 19

| عدد | | معدود | عدد | | معدود |
|---|---|---|---|---|---|
| Part 1 | Part 2 | | Part 1 | Part 2 | |
| | | | | | |

تیرا سے انیس تک مرکب عدد کا پہلا حصہ جنس کے اعتبار سے معدود کے مخالف ہوتا ہے۔ اور عدد کا دوسرا جنس کے اعتبار سے معدود کے مطابق ہوتا ہے۔

Part 1 of the compound عدد word is opposite in gender then that of the معدود.

## Number 20

| عدد | معدود | عدد | معدود |
|---|---|---|---|
| | | | |

بیس کا عدد جنس میں ہمیشہ معدود مزکر مونث دونوں کے لیے مذکر جمع سالم استعمال ہوتا ہے۔

The number is on same pattern as sound masculine plural (جمع مزکر سالم


© copy rights reserved